سید کاشف گیلانی

اے رہنمایانِ وطن

عرض کرنا ہے مجھے اہلِ سیاست آپ سے
آپ سے قوم و وطن ہے ملک وملت آپ سے

آپ پیمانہ ہیں اپنی قوم کے افکار کا
آپ ہیں معیار اپنی قوم کے کردار کا

قوم کی تقدیر کا ہے آپ کے شانوں پہ بار
ملک کی تعمیر کا ہے آپ کے شانوں پہ بار

آپ کے حسنِ تدبر سے وقار ملک ہے
ملک کی طرز سیاست اعتبار ملک ہے

آپ کے سر پر جو اے اہلِ حکومت تاج ہے
درحقیقت یہ ہمارے ووٹ کا محتاج ہے

آپ کو جو قوم نے دی ہے محبت قرض ہے
آپ پر بھی قوم کا قرضہ چکانا فرض ہے

پھول کھل سکتا نہیں کوئی بھی ڈالی کے بغیر
گلستاں برباد ہو جاتا ہے مالی کے بغیر

جس قدر عُقدے ہیں وا ہو جائیں گے تدبیر سے
آپ کی توقیر ہوگی ملک کی توقیر سے

آپ کے ہاتھوں میں آئی جب زمامِ اقتدار
ہو گئے ہیں آپ بے خود پی کے جامِ اقتدار

ہو سکی جتنی بھی ہم نے کی ستائش آپ کی
وقت یوں کرتا رہا ہے آزمائش آپ کی

آپ نے جو خواب دکھلائے تھے وہ بے سود تھے
دعوے تو بے شک سہانے تھے عمل مفقود تھے

آپ کو کیا یہ سیاست ہے کہ جس پر ناز ہے
آپ کی گندی سیاست کیا کوئی اب راز ہے

امتِ ختم الرسل تقسیم کر ڈالی گئی
حد تو یہ ہے سلطنت دو نیم کر ڈالی گئی

کون ہے جس نے یہ ڈالے بیج ہیں تفریق کے
بند کس نے قوم پر رستے کئے تحقیق کے

قوم نے دولت کمائی تھی جو برسوں ہاتھ سے
لوٹ لی ہے ظالموں نے وہ بھی دونوں ہاتھ سے

ہر مسلماں اپنی دھن میں مست ہے مدہوش ہے
اختلافی مسئلوں میں بے سروپا جوش ہے

اُس پہ صوبوں اور زبانوں کے ہیں جھگڑے رات دن
دیتے ہیں اک دوسرے کو خوب رگڑے رات دن

مولوی صاحب بھی کب اس حال میں خاموش ہیں
کار زارِ زیست میں وہ بھی کفن بردوش ہیں

یوں مسلمانو خدا کا دین بھی خطرے میں ہے
سین اگر خطرے میں ہے تو شین بھی خطرے میں ہے

کیا کسی کو یاد بھی آتا نہیں روزِ حساب
اپنے ان اعمال کا جب سب کو دینا ہے جواب

کیسے جاؤ گے قیامت میں خدا کے سامنے
منہ چھپاؤ گے محمد مصطفیٰ کے سامنے

داغ دی جائیں گی جب سب کی زبانیں آگ سے
نفرتیں پھیلاتی تھیں جو مومنوں میں لاگ سے

ہر ستم گر کو جہنم میں جلایا جائے گا
جو عمل اس نے کیا ہوگا دکھایا جائے گا

آیئے توبہ کریں ہم اپنے بد اعمال سے
جن میں ہم الجھے ہوئے ہیں جانے کتنے سال سے

آیئے وعدہ کریں ہم ایک ہوجائیں گے اب
ہر بدی کو چھوڑ کر ہم نیک ہوجائیں گے اب

عزمِ نو آرائشِ حسنِ چمن کو چاہیے
متحد ہوجائے ہر اہلِ وطن کو چاہیے

۲۸ ویں سالانہ **مجلس ذکر حسین** رضی اللہ عنہ کے آڈیو، ویڈیو کیسٹیں دستیاب ہیں

خطاب پروفیسر ڈاکٹر علامہ خالد محمود (پی ایچ ڈی، لندن)

دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی۔ ملتان

۱۰ محرم ۱۴۲۳ھ 25 / مارچ 2002ء

قیمت آڈیو کیسٹ مع ڈاک خرچ: -/85 روپے

قیمت ویڈیو کیسٹ مع ڈاک خرچ: -/250 روپے

صدائے احرار، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی۔ ملتان فون: 061-511961

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن سپئر پارٹس تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501